DIRECTORATE
OF PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

| اہم قومی ومقامی خبریں مورخہ 17-10-2022 | اخبارات |
|---|---|
| 1۔گنداخہ سندھ کی جانب سے زہریلا پانی چھوڑنا انتہائی خطرناک ہے، گورنر جان جمالی | مشرق ودیگراخبارات |
| 2۔ریکوڈک منصوبہ عوام کے منتخب نمائندوں کواعتماد میں لیاجائے گا، وزیراعلیٰ بلوچستان | جنگ ودیگراخبارات |
| 3۔بلوچستان حکومت سنجیدگی کا مظاہرہ نہیں کررہی، مولانا عبدالواسع | انتخاب ودیگراخبارات |
| 4۔جسٹس مسکانزئی کے قاتلوں کوقانون کی گرفت میں لایاجائے گا، کمانڈر 12 کور | جنگ ودیگراخبارات |
| 5۔متاثرہ اضلاع میں تباہی کی رپورٹس وفاق کوارسال کی جائیں، وفاقی وزیرفلڈ ریلیف | جنگ ودیگراخبارات |
| 6۔عوام کومفت طبی سہولیات کی فراہمی حکومت کی ترجیح ہے، نورمحمد دمڑ | جنگ ودیگراخبارات |
| 7۔قدرتی آفات کا مقابلہ صبروتحمل سے ممکن ہے، صوبائی وزیرآبپاشی | مشرق ودیگراخبارات |
| 8۔سیلاب زدگان کی بحالی آرمی اور ایف سی کی سول انتظامیہ کے ہمراہ امدادی کاروائیاں، پاکستان آرمی | مشرق ودیگراخبارات |
| 9۔پاک ایران میں پنجگور رچیدگی بارڈر عام تجارت کیلئے کھولنے کا معاہدہ طے | انتخاب ودیگراخبارات |
| 10۔گوادر میں تجارتی نمائش وکانفرنسز ہوسکیں گی، گوادر پورٹ | انتخاب ودیگراخبارات |
| 11۔سیاسی اکابرین کے مشن کومقدس اور مقدم سمجھتے ہوئے جدوجہد جاری رہے گی، بی این پی | مشرق ودیگراخبارات |
| 12۔حکومت متاثرین کی مدد کیلئے ہمارا پلیٹ فارم استعمال کرسکتی ہے، الخدمت فاؤنڈیشن | مشرق ودیگراخبارات |
| 13۔بلوچستان کے حقیقی نمائندوں کا مینڈیٹ چرا کر پارلیمنٹ سے باہر رکھا گیا، مالک بلوچ | مشرق ودیگراخبارات |
| 14۔چوری بدامنی کے واقعات انتظامیہ کارکردگی پرسوالیہ نشان ہے، سردار یار محمد رند | مشرق ودیگراخبارات |
| 15۔میڈیا ورکرز کے ساتھ رہزنی اور چوری کے واقعات کانوٹس لیاجائے، بی یو جے | جنگ ودیگراخبارات |

## امن وامان

دھرنے میں شریک 25 فزیوتھراپسٹ گرفتار عدالت نے 1 روزہ ریمانڈ پر جیل بھیج دیا، کیچ میں نامعلوم مسلح افراد کا تیل کے ٹینکر پر حملہ ڈرائیور زخمی، سکول سے خاتون کیشئر کی لاش برآمد، تاجر سے دولاکھ کا چیک مسافروں سے ہزاروں روپے لوٹ لیے گئے، قلات زیرمرمت موبائل ٹاور کو دھماکہ خیز مواد سے اڑادیا گیا

## عوامی مسائل

لورالائی کی سبزی منڈی میں سہولیات ناپید خوانچہ فروش پریشان، صحبت پور میں نکاسی آب نظام غیر فعال، گنداواہ امدادی سرگرمیوں میں بے قاعدگیاں متاثرین بدحالی کا شکار۔

**مورخہ 17-10-2022**

## ادا ریہ

روزنامہ آزادی کوئٹہ نے "**بلوچ قوم پرستوں کے درمیان الائنس!** "کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ بلوچستان میں نئی سیاسی صف بندیاں شروع ہونے جارہی ہیں۔ اطلاعات کے مطابق بی این پی اور نیشنل پارٹی کے درمیان آئندہ عام الیکشن میں الائنس تشکیل دی جائے گی جس کے شرائط اور نکات طے ہونا ابھی باقی ہیں جس کیلئے مرحلہ وار وفود کے درمیان مذاکرات اور بات چیت کا سلسلہ چل رہا ہے نیشنل پارٹی کے اہم ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ بی این پی کے ساتھ اتحاد ہونے جارہا ہے مگر فی الحال حتمی طور پر کچھ نہیں کہا جاسکتا کوشش ہے کہ یہ اتحاد تشکیل دی جائے اور سیٹ ایڈجسٹمنٹ جو انتہائی اہم ہے اس پر ہمارے درمیان خوش اسلوبی کے ساتھ معاملات طے پا جائیں تو اتحاد کی تشکیل جلد ہوجائے گی۔ نیشنل پارٹی نے جماعت کے اندر بھی مشاورت شروع کردی ہے کہ بی این پی کے ساتھ اتحاد ناگزیر ہے بلوچستان میں سیاسی حالات سمیت دیگر معاملات کو بہتر بنانے کیلئے یہ وقت بہت اہم ہے جسے ضائع نہیں کرنا چاہیئے جبکہ بی این پی کے بااثر شخص کے مطابق اتحاد دیرپا اور مستقبل بنیادوں پر ہونا چاہیئے اور کوشش بھی یہی ہے کہ حالات کے مطابق ہم اتحاد تشکیل دیں تاکہ بلوچستان کے دیرینہ مسائل کو حل کیا جاسکے جن پر بلوچ قوم پرست جماعتیں ہی کلیدی کردار ادا کرسکتی ہیں۔ بہرحال یہ خود بلوچ قوم پرستوں کے سیاسی مفاد میں ہے کہ وہ ان نازک حالات میں اتحاد کی طرف جائیں اور بلوچستان میں جو بیڈ گورننس اور دیگر مسائل موجود ہیں انہیں حل کریں تاکہ دیگر بڑے سیاسی معاملات پر بھی پیشرفت ہوسکے۔

## ادریہ

روزنامہ باخبر نیوز کوئٹہ نے "**دہشت گردی اور بد امنی کے بڑھتے واقعات قومی سلامتی کمیٹی کے اہم فیصلے** "کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ بلوچستان نیوز کوئٹہ نے "**سیلابی تباہی کے بعد کے حالات اور خوراک کا عالمی دن** "کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ 92 نیوز کوئٹہ نے "**سیلاب کے بعد وبائی امراض کے ڈیرے** "کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

## مضامین

روزنامہ مشرق کوئٹہ نے "**منشیات کے باعث سریاب کا مستقبل داو پر لگ گیا، پولیس پر عزم عوام کی جانب سے موثر کریک ڈاون کا مطالبہ** "کے عنوان سے غلام جیلانی کا مضمون شائع کیا۔

برائے **ڈائریکٹر جنرل**

**نظامت تعلقات عامہ بلوچستان**

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 1 Dated: 17 OCT 2022 Page No. 2

# Reko Diq project to prove gateway for investment: CM

## Says priority will be given to local people in employment

**Staff Report**

**QUETTA:** Chief Minister Balochistan Mir Abdul Quddus Bizenjo has said that Reko Diq project will prove to be the gateway of investment in Balochistan. Regarding the project, we are going in the right direction.

A public meeting with the members of the Provincial Assembly has also been arranged with Mark Bristow, the CEO of the company Barrick Gold Corporation, so that the elected representatives of the 1.2 million people of the province can be taken directly into confidence regarding the Reko Diq project so that their minds can be informed.

He said that priority will be given to local people in employment, we have to work together for Balochistan and Pakistan, due to the coming of Barrick Gold Company, other investment companies will also tend towards the province.

It is a national and valuable asset of Pakistan and Balochistan and it is our responsibility to bring its benefit to the people of Pakistan and Balochistan.

Let there be no ambiguity, these views were expressed by Leader of the Opposition Malik Sikander Advocate, Acting Speaker while speaking at a luncheon given in honor of CEO/ President Barrack Gold Corporation Mr. Mark Bristow and his team. Provincial Assembly Babar Khan Musa Khel Provincial Ministers, Members of Provincial Assembly, Center Muhammad Abdul Qadir and Chief Secretary Balochistan Abdul Aziz Uqaili also attended the luncheon.

Expressing his happiness at the meeting, he said that he is grateful to the Chief Minister for arranging this meeting and giving him an opportunity to provide information to public representatives regarding the project. It is a national and valuable asset of Pakistan and Balochistan and it is our responsibility to bring its benefit to the people of Pakistan and Balochistan.

Speaking on this occasion, Mr. Mark Bristow, CEO of Barrick Gold Company, said that our prayers are with the flood victims and are also providing financial support to the flood victims.

He said that he is very happy to come to Balochistan once again, our team is working on the development and feasibility study of the area, along with providing employment, they are also working on education and vocational training.

He said that geothermal energy including wind and solar energy will be utilized for the project and communication links will also be improved for the betterment of the area. He said that priority will be given to local talented people in employment, we want to work together with Balochistan government in this project.

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 17 OCT 2022 Page No. 3


## گندا خہ سندھ کی جانب سے زہریلا پانی چھوڑنا انتہائی خطرناک ہے، جان جمالی

اوستہ محمد ضلع تو بن گیا مگر سیلاب میں مکمل طور پر ڈوبا ہوا ملا ہے تحصیل گندا خہ سب سے زیادہ متاثر ہوا ہے اس وقت بھی پانی بہہ رہا ہے

گندا خہ میں واٹر سپلائی اسکیم اور سندھ کے راستوں کی بحالی کی جائے گی کیونکہ یہاں زیادہ تر کاروبار سندھ سے وابستہ ہے، قائم مقام گورنر

اوستہ محمد اور گندا خہ سٹی ایریا کو مستقبل میں سیلاب صورتحال سے بچانے کیلئے بند بنائے جائیں گے تاکہ مستقبل میں ان کو نقصان نہ ہو

گندا خہ (آن لائن) قائم مقام گورنر بلوچستان میر جان محمد خان جمالی نے کہا کہ اوستہ محمد ضلع تو بن گیا مگر سیلاب میں مکمل طور پر ڈوبا ہوا ملا ہے تحصیل گندا خہ سب سے زیادہ متاثر ہوا ہے اس وقت بھی پانی بہہ رہا ہے راستے بند ہیں مستقبل میں گندم کی فصل ہونے کا امکان نہیں ہے افسوس کی بات ہے کہ اب بھی سندھ کی جانب سے زہریلا پانی چھوڑا جا رہا ہے جو کہ انسانوں کے ساتھ ساتھ جانوروں کیلئے بھی۔۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ نمبر 1 صفحہ 10 پر

انتہائی خطرناک ہے مگر ہم ناامید نہیں ہیں گندا خہ تحصیل ہیڈ کوارٹر ہے جس میں اسسٹنٹ کمشنر سمیت ڈاکٹروں کی بھی تعیناتی کی جائے گی گندا خہ میں افلاح چینک کی جانب سے لگائے گئے میڈیکل کیمپ کے دورے کے موقع پر میر جان محمد خان جمالی کا کہنا تھا کہ مستقبل میں یہاں پولیس اسٹیشنوں میں اضافے کے ساتھ ڈی ایس پی کی تعیناتی واٹر سپلائی اسکیم اور سندھ کے راستوں کی بحالی کی جائے گی کیونکہ یہاں زیادہ تر کاروبار سندھ سے وابستہ ہے غوث پور گندا خہ ہائی لیول روڈ کے پیسے منظور کئے ہوئے ہیں پانی کی سطح کم ہونے کے بعد کام کا آغاز کیا جائے گا اس سال چاول کی فصل کو بہت بڑا نقصان ہوا ہے جس کی وجہ سے مزدور طبقہ سخت متاثر ہوا ہے کوشش کریں گے کسان کی بحالی کیلئے کوئی راستہ نکالیں اوستہ محمد ضلع میں ریلیف کیلئے اقدامات کر رہے ہیں 2010 سے زیادہ تباہی ہوئی ہے بلوچستان کے 32 اضلاع متاثر ہوئے ہیں پورا علاقہ پانی کے تالاب کا منظر پیش کر رہا ہے مال مویشی مر گئے ہیں لوگ ابھی تک سیف اللہ مگسی کینال پر بیٹھے ہوئے ہیں ان کے گھر گر گئے ہیں اور وہاں ابھی پانی کھڑا ہے بہت سکول بند ہیں اور ان کی چھتیں گر رہی ہیں لوگ خوف کی وجہ سے بچوں کو سکول نہیں بھیج رہے ہیں افلاح چینک کے پاکستان کے آرگنائزر عاطف باجوہ صاحب نومبر میں آ رہے ہیں ان سے لیٹ ورائٹی سرسوں کے بیج مانگا ہے جس کو ان علاقوں میں کاشت کر کے اچھی پیداوار حاصل کی جا سکے گی جبکہ ان کی تعاون سے گندا خہ میں شیلٹر بھی فراہم کئے جائیں گے اوستہ محمد اور گندا خہ سٹی ایریا کو مستقبل میں سیلاب صورتحال سے بچانے کیلئے بند لگائے جائیں گے تاکہ ان کو نقصان نہ ہو یہاں تعمیراتی کاموں میں دوسرے صوبوں سے مزدور آتے ہیں ٹھیکیداروں کو ہدایت کروں گا کہ یہاں کے مقامی لوگوں کو مزدوری پر رکھیں۔


INTEKHAB QUETTA


## بلوچستان حکومت سنجیدگی کا مظاہرہ نہیں کر رہی، مولانا عبدالواسع

### سیلاب زدگان کی بحالی کیلئے اقدامات نہیں اٹھائے گئے

### جمعیت خاموش نہیں رہے گی، کارکنوں سے بات چیت

کوئٹہ (آئی این پی) جمعیت علما اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر و وفاقی وزیر ہاؤسنگ اینڈ ورکس مولانا عبدالواسع نے کہا ہے کہ عمران نیازی اب اقتدار کو حاصل کرنے کے لیے اداروں کو بدنام کرنے پر تلے ہوئے ہیں امریکہ ہمارے ملک کے معاملات میں مداخلت سے گریز کرے، بلوچستان کے عوام کے مسائل حل کریں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں بقیہ نمبر 72 صفحہ 7 پر

نے جمعیت علماء اسلام کے کارکنوں سے بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ امریکا کون ہوتا ہے ہمارے ایٹمی اثاثوں پر بات کرنے والا اور ہمیں روکنے والا، ہم نے ایٹمی قوت پاکستان کی ریاست کے دفاع کے لیے حاصل کی ہے، کسی پر جارحیت کے لیے نہیں۔

## عوام کو مفت طبی سہولیات کی فراہمی حکومت کی ترجیح ہے' نور محمد دمڑ

### سینئر صوبائی وزیر کا ٹراما سینٹر کوئٹہ کا دورہ' ٹریفک حادثے میں زخمی و دیگر مریضوں کی عیادت کی

کوئٹہ (پ ر) سینئر صوبائی وزیر منصوبہ بندی و ترقیات حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا ہے کہ عوام کو سرکاری ہسپتالوں میں علاج معالجہ کی مفت اور جدید سہولیات کی فراہمی اولین ترجیح ہے۔ ڈاکٹرز اور سٹاف مریضوں کے علاج معالجہ اور مفت طبی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائیں، سول ہسپتال کوئٹہ کو فعال بنانے کیلئے حکومت نے بھرپور اقدامات اٹھائے تاکہ صوبے کے دور دراز سے آئے غریب مریضوں کو مفت طبی سہولیات میسر آسکیں، ان خیالات کا اظہار انہوں نے سول ہسپتال کوئٹہ ٹراما سینٹر کے معائنہ کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ ٹراما سینٹر پہنچنے پر ڈائریکٹر و دیگر سینئر ڈاکٹرز نے صوبائی وزیر کو سینٹر میں زیر علاج مریضوں کو دی جانے والی سہولیات سمیت ٹراما سینٹر کو مزید فعال بنانے کیلئے اقدامات سے آگاہ کیا۔ نور محمد دمڑ نے حلقے سے آئے زیارت کلی ملکیت اور سنجاوی کلی بغاؤ میں ٹریفک حادثے کے زخمیوں و دیگر مریضوں کی عیادت بھی کی۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ سول ہسپتال سمیت صوبائی دارالحکومت کے دیگر ہسپتالوں میں عوام کو صحت کی مفت سہولیات کی فراہمی کیلئے حکومت تمام وسائل کو بروئے کار لائے گی انہوں نے انتظامیہ کو ہدایت کی کہ وہ مریضوں کی دیکھ بھال اور انہیں مفت طبی سہولیات فراہم کریں۔

## متاثرہ اضلاع میں تباہی کی رپورٹس وفاق کو ارسال کی جائیں، وفاقی وزیر فلڈ ریلیف

### ہم چاہتے ہیں فلڈ ریلیف میں بلوچستان کو نظر انداز نہ ہونے دیا جائے، دوسرا مرحلہ عوام کی بحالی کا ہے، آغا حسن بلوچ

کوئٹہ (پ ر) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات وفاقی وزیر اور فلڈ ریلیف کمیٹی کے ممبر آغا حسن بلوچ نے کہا ہے کہ نصیر آباد ڈویژن سمیت بلوچستان کے تمام اضلاع جو بارشوں اور سیلاب سے متاثر ہوئے ہیں ان اضلاع کے متعلقہ کمشنرز' ڈپٹی کمشنرز نے اگر ابھی تک رپورٹس مرتب نہیں کی ہیں تو بلوچستان کے ذمہ داران کو چاہئے کہ وہ کمشنرز' ڈپٹی کمشنرز کے ساتھ روابط قائم کر کے اپنے اپنے علاقوں کی مفصل اور جامع رپورٹس فوری طور مرتب کرائیں تاکہ کسی بھی ضلع، تحصیل سمیت دور دراز علاقوں کے متاثرین کی بحالی میں رکاوٹ نہ آسکے، انہوں نے کہا کہ پارٹی قائد سردار اختر مینگل کی قیادت میں بی این پی بلوچستان کی بڑی جماعت ہے ہم چاہتے ہیں کہ فلڈ ریلیف میں بلوچستان کو نظر انداز نہ ہونے دیا جائے، حکومت میں ہوں یا حکومت سے باہر ہماری ذمہ داری بنتی ہے کہ ہم عوام کی امنگوں' مسائل' مشکلات' احساسات و جذبات کی ترجمانی کرتے ہوئے اپنا مثبت کردار ادا کریں۔ انہوں نے کہا کہ دنیا بھر کے ڈونرز کی بھی ذمہ داری بنتی ہے کہ بلوچستان جس کا 95 فیصد انفراسٹرکچر تباہ ہو چکا ہے اس کی دوبارہ بحالی میں اپنا کردار ادا کرے۔ نان گورنمنٹ آرگنائزیشنز بھی بلوچستان میں عملی طور پر عوام کی خدمات میں کردار ادا کریں کیونکہ سیلاب اور بارشوں کے بعد دوسرا مرحلہ عوام کی بحالی کا ہے جو اہمیت کا حامل ہے، مرکزی و صوبائی حکومت اس حوالے سے کسی حد تک ذمہ داریاں نبھا رہی ہے مگر یہ ممکن نہیں کہ اتنی بڑی تباہی کے بعد بحالی کا عمل مکمل کیا جا سکے۔ کمشنرز ڈپٹی کمشنرز کی ذمہ داری بنتی ہے کہ وہ فوری طور پر اپنے اضلاع میں ہونے والے تباہی کی رپورٹس کو ارسال کریں تاکہ وفاقی حکومت اپنا مثبت کردار ادا کر سکے۔

ملک بھر کی طرح بلوچستان میں سیلاب کی تباہ کاریوں سے تمام نظام متاثر، صوبائی حکومت پی ڈی ایم اے این ڈی ایم اے ضلعی انتظامیہ سیلاب متاثرین کیلئے ریلیف اور امدادی سرگرمیوں میں حصہ لے رہی ہے، محمد خان لہڑی

سیلاب تباہی کے نقش چھوڑ گیا

# قدرتی آفات کا مقابلہ صبر و تحمل سے ممکن ہے، صوبائی وزیر آبپاشی

نقصانات کے ازالے کیلئے نصیر آباد میں سروے کا عمل جاری ہے، ہماری اولین کوشش ہے سیلاب زدگان کو اپنے پاؤں پر کھڑا کرنے کیلئے مالی امداد فراہم کریں، عبدالغفور لہڑی

متاثرین کی بحالی و امدادی سرگرمیوں میں مثبت کردار ادا ان کی تعمیر و ترقی کیلئے وسائل بروئے کار لارہے ہیں، ذمہ داریوں سے آگاہ مسائل سے غافل نہیں ہیں، بی اے پی رہنماؤں کی صحافیوں سے بات چیت

نصیر آباد (نامہ نگار) صوبائی وزیر آبپاشی حاجی میر محمد خان لہڑی اور بلوچستان عوامی پارٹی کے سینئر مرکزی رہنما، سابق صوبائی وزیر میر عبدالغفور لہڑی نے کہا ہے کہ ملک بھر کی طرح بلوچستان میں سیلاب کی تباہ کاریوں سے تمام نظام متاثر ہے نصیر آباد ڈویژن میں تاریخ کا سب سے بڑا سیلاب پورے علاقے میں تباہی کے نقش چھوڑ گیا صوبائی حکومت پی ڈی ایم اے اور این ڈی ایم اے ضلعی انتظامیہ سیلاب متاثرین کیلئے ریلیف اور امدادی سرگرمیوں میں حصہ لے رہی ہے سیلاب سے ہونے والے نقصانات کے ازالے کیلئے نصیر آباد میں سروے کا عمل جاری ہے ہماری اولین کوشش ہے صوبائی حکومت سیلاب سے ہونے والے نقصانات کیلئے متاثرین کو مالی امداد فراہم کیا جاسکے تاکہ وہ اپنے گھروں میں دوبارہ آباد ہو کر نئی زندگی کے سفر کا آغاز کرسکیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے صحافیوں کے گروپ سے بات چیت کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ ضلع نصیر آباد کو آفت زدہ قرار دے دیا گیا ہے جس کے باعث یونین کونسل کی سطح پر سروے کیا جارہا ہے نے سیلاب متاثرین کی بحالی و امدادی سرگرمیوں میں مثبت کردار ادا اور ان کی تعمیر و ترقی کیلئے تمام وسائل بروئے کار لائے جارہے ہیں کسی بھی صورت میں عوام کو تنہا نہیں چھوڑیں گے مصیبت کی گھڑی میں عوام کو سہولیات کی فراہمی کیلئے حکومت اقدامات یقینی بنارہی ہے انہوں نے کہا کہ سیلاب ایک قدرتی آفت ہے جس سے تمنا ناممکن ہے مگر سیلاب کے نقصانات کے بعد عملی طور پر اقدامات اٹھانا ہماری اولین ذمہ داریوں میں شامل ہے جسے ہم بخوبی سرانجام دے رہے ہیں۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2 Dated: 17 OCT 2022 Page No. 6


# جسٹس مسکانزئی کے قاتلوں کو قانون کی گرفت میں لایا جائے گا، کمانڈر 12 کور

**شہید چیف جسٹس ایک بہادر اور نڈر انسان تھے، ان کی پیشہ وارانہ خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا، لیفٹیننٹ جنرل آصف غفور**

کوئٹہ (پ ر) کمانڈر 12 کور لیفٹیننٹ جنرل آصف غفور نے خاران کا دورہ کیا اور گزشتہ دنوں دہشت گردوں کی فائرنگ سے شہید ہونیوالے سابق چیف جسٹس بلوچستان ہائی کورٹ محمد نور مسکانزئی کے اہلخانہ سے ان کی رہائش گاہ پر ملاقات کی، شہید کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی اور بلند درجات کے لیے خصوصی دعا کی۔ کور کمانڈر بلوچستان نے نور محمد مسکانزئی کی شہادت پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا اور دہشت گردی کے واقعے کی شدید الفاظ میں مذمت کی اور شہید کی پاکستان کے لیے خدمات کو سراہا۔ کور کمانڈر بلوچستان کا مزید کہنا تھا کہ شہید چیف جسٹس نور محمد مسکانزئی ایک بہادر اور نڈر انسان تھے اور ان کی پیشہ وارانہ خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ لیفٹیننٹ جنرل آصف غفور نے شہید کے اہلخانہ کو یقین دلایا کہ دہشت گرد قاتلوں کو قانون کی گرفت میں لایا جائے گا۔

## بلوچستان اسمبلی کا اجلاس آج ہوگا

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بلوچستان اسمبلی کا اجلاس آج دن ڈھائی بجے ہوگا جس میں بی اے پی کے رکن عارف جان محمد حسنی ضلع چاغی کے ایم بی بی ایس اور بی ڈی ایس مکمل کرنے والے ڈاکٹروں کی عدم تعیناتی کی وجوہات سے متعلق توجہ دلاؤ نوٹس پیش کریں گے، اجلاس میں بلوچستان کمرشل کورٹس کا مسودہ قانون پیش کیا جائے گا جبکہ وقفہ سوالات میں پبلک ہیلتھ انجینئرنگ، بی ڈی اے اور محکمہ مال سے متعلق سوالات کے جوابات دیئے جائیں گے، بلوچستان اسمبلی کا آج شروع ہونے والا سیشن 27 اکتوبر تک جاری رہے گا۔


MASHRIQ QUETTA


# سیلاب زدگان کی بحالی آرمی اور ایف سی کی سول انتظامیہ کے ہمراہ امدادی کارروائیاں

**جھل مگسی اور صحبت پور میں 3 ریلیف کیمپس فعال، جہاں 12439 سیلاب زدگان کو پکا ہوا کھانا، راشن اور علاج معالجہ فراہم کیا جارہا ہے**

**چوبیس گھنٹوں میں آرمی اور ایف سی کی جانب سے 14 فری میڈیکل کیمپس کا انعقاد کیا گیا جس میں 2984 مریضوں کا علاج معالجہ کیا گیا**

کوئٹہ (آن لائن) سیلاب زدگان کی بحالی کے لیے پاکستان آرمی اور ایف سی بلوچستان کی سول انتظامیہ کے ہمراہ امدادی کارروائیاں جاری ہے۔ سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں پاکستان آرمی اور ایف سی بلوچستان، سول انتظامیہ کے ہمراہ سیلاب متاثرین کی ریلیف اور بحالی میں مصروف عمل ہیں۔ جھل مگسی اور صحبت پور میں 3 ریلیف کیمپس فعال ہیں جہاں 12439 سیلاب زدگان کو پکا ہوا کھانا، راشن.........

بقیہ نمبر 36 صفحہ 10 پر

اور علاج معالجہ فراہم کیا جارہا ہے۔ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں پاکستان آرمی، ایف سی بلوچستان، این ڈی ایم اے اور پی ڈی ایم اے کی جانب سے 4348 کھانے کے پیکٹس اور 1562 ٹینٹ اور 5280 کمبل اور مچھر دانیاں مستحق لوگوں میں تقسیم کیے گئے ہے۔ سیلاب سے متاثرہ اضلاع میں لوگوں کو متعدی امراض سے بچاؤ کے لیے فری میڈیکل کیمپس کا سلسلہ بھی جاری ہے۔ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران پاکستان آرمی اور ایف سی بلوچستان کی جانب سے 14 فری میڈیکل کیمپس کا انعقاد کیا گیا جس میں 2984 مریضوں کا علاج معالجہ کیا گیا اور مفت ادویات فراہم کی گئیں۔ بلوچستان کی تمام شاہراہیں ٹریفک کی آمدورفت کیلئے مکمل طور پر کھول دی گئی ہیں۔ جبکہ قومی شاہراہوں پر ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے کے لیے نیشنل ہائی وے اتھارٹی، پاک فوج، ایف سی بلوچستان، پاکستان کوسٹ گارڈ اور سول انتظامیہ مصروف عمل ہیں۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 17 OCT 2022 Page No. 7

# پاک ایران میں پنجگور چیدگی بارڈر عام تجارت کیلئے کھولنے کا معاہدہ

## معاہدے کے تحت پنجگور جیدگی بارڈر کو اشیاء خورونوش کی برآمدات اور درآمدات کے حصول کیلئے بھی استعمال میں لانے کا فیصلہ

**ڈی سی پنجگور اور ایرانی حکام کے درمیان بارڈر پر اہم میٹنگ، دونوں ہمسایہ ممالک کے درمیان تجارت کے فروغ کیلئے بھی اہم فیصلے کیئے گئے**

مکران (نمائندہ خصوصی) مکران کے ضلع پنجگور سے ملحقہ پاک ایرانی بارڈر پر تجارتی سرگرمیوں کے آغاز کیلئے پاک ایران حکام کا اہم اجلاس منعقد ہوا، اجلاس میں پاکستان کی جانب سے ڈپٹی کمشنر پنجگور، بریگیڈیئر عثمان فاروقی، اسسٹنٹ کمشنر پنجگور امجد سومرو،

بقیہ نمبر 28 صفحہ 7 پر

اسسٹنٹ کمشنر گوارگو اسد اللہ بلوچ، علاقے کے کاروباری اور عمائدین، جبکہ ایرانی وفد کی قیادت جنرل طرفی نے کی۔ اجلاس میں پنجگور چیدگی بارڈر پر تجارتی سرگرمیوں شروع کرنے کیلئے باقاعدہ معاہدہ طے ہوا، پنجگور چیدگی بارڈر کو اشیاء خورونوش کی برآمدات اور درآمدات کے حصول کیلئے بھی استعمال میں لانے کا فیصلہ کیا گیا اس جلسے میں ڈپٹی کمشنر پنجگور نعیم نجی اور ایرانی حکام کے درمیان چیدگی بارڈر پر ایک اہم نشست ہوئی [illegible] بریگیڈیئر پنجگور عثمان فاروقی، ڈپٹی کمشنر [illegible] بھی، اسسٹنٹ کمشنر پنجگور امجد سومرو، اسسٹنٹ کمشنر گوارگو اسد اللہ بلوچ، عمائدین اور کاروباری اور انتظامیہ پنجگور کے دیگر ضلعی افسران بھی موجود تھے۔ نشست کے دوران دونوں ہمسایہ ممالک کے درمیان تجارت کو فروغ دینے کے حوالے سے اہم فیصلے کیے گئے، ڈپٹی کمشنر پنجگور نعیم نجی اور ایرانی حکام کے درمیان بارڈر پر تجارت سمیت سیکورٹی کے معاملات پر بھی بات چیت ہوئی اور پاک ایران بارڈر جرائم کا قلع قمع کرنے کیلئے بارڈر کے دونوں اطراف سیکورٹی کے سخت انتظامات کرنے کے حوالے سے سیکورٹی پٹرولنگ کو بڑھانے پر اتفاق کیا گیا جبکہ ڈپٹی کمشنر پنجگور نعیم نجی نے کہا کہ دونوں اسلامی ہمسایہ ممالک کے درمیان تجارت کا فروغ دونوں ممالک کے درمیان ایک مضبوط معاشی استحکام کی بنیاد ہوگی اور اس سے دونوں ممالک کے درمیان دوستی کا رشتہ بھی مزید مستحکم ہوگا، اور علاقے کے لوگوں کو عزت کے ساتھ روزگار کے مواقع میسر ہونگے، انہوں نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ کی طرف سے تمام کاروباری لوگوں کو یکساں اور برابری کی بنیاد پر روزگار کے مواقع فراہم کریں گے، ایرانی حکام نے کہا کہ ایران کی ہر وقت یہی کوشش رہی ہے کہ ہمسایہ ممالک کے ساتھ دوستانہ ماحول قائم ہو اور دوطرفہ تعلقات کی بنیاد پر تجارت سمیت ہر معاملات کو افہام وتفہیم سے حل کیا جائے، پاک ایران پنجگور چیدگی بارڈر کو عام تجارت کیلئے کھولنے پر پنجگور کے کاروباری افراد نے تشکر کا اظہار کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر پنجگور کے اس عمل کی تعریف کی ہے اور کہا ہے کہ پنجگور اور ایرانی حکام کے درمیان تجارت کے حوالے سے معاہدہ خطے میں خوشحالی کی نوید ثابت ہوگی۔

# گوادر میں تجارتی نمائش و کانفرنسز ہوسکیں گی

**گوادر ہوافہ نمائش، تجارتی مرکز اگلے برس سے منعقد ہونے والی تجارتی و صنعتی نمائشوں کیلئے دستیاب ہوگا**

گوادر (این این آئی) گوادر پورٹ کے احاطے میں گوادر فری زون فیز1 کے میگا ترقیاتی منصوبوں میں سے ایک گوادر ہوافہ نمائش اور تجارتی مرکز اگلے برس سے منعقد ہونے والی تجارتی اور صنعتی نمائشوں کے لئے دستیاب ہوگا۔ اس منصوبے میں پاکستانی افرادی قوت

بقیہ نمبر 76 صفحہ 7 پر

اور چینی انجینئرز کام کر رہے ہیں۔ مرکزی ڈھانچے کی تعمیر کے حوالے سے تقریب گوادر بزنس سینٹر کے سامنے منعقد ہوئی۔ منصوبے کا کل تعمیراتی رقبہ تقریباً 3919 مربع میٹر ہے۔

## بیرک گولڈ کے آنے سے سرمایہ کار کمپنیوں کا رجحان بڑھے گا، سینیٹر عبدالقادر

**بلوچستان میں سرمایہ کاری کے بہت مواقع موجود ہیں، حکومت بلوچستان ساز گار ماحول فراہم کریگی**

اسلام آباد+کوئٹہ (پ ر) پاکستان تحریک انصاف کے مرکزی رہنما و چیئرمین اسٹینڈنگ کمیٹی پٹرولیم وریسورسز سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ بلوچستان میں سرمایہ کاری کے بہت مواقع موجود ہیں، ریکوڈک طرز پر سرمایہ کاروں کیلئے حکومت بلوچستان عالمی سرمایہ کاروں کو تمام سہولیات فراہم کرے اور مزید سرمایہ کاروں کو بلوچستان آنے کی دعوت دی جائے، بیرک گولڈ کمپنی کے بلوچستان میں آنے سے دیگر سرمایہ کار کمپنیوں کا رجحان بڑھے گا۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ دنیا نے بھی اسی طرح ترقی کی ہے کسی کے پاس ریسورسز ہیں تو کسی کے پاس پروفیشنل ٹیکنیک ہے جب یہ دونوں چیزیں اکٹھی ہو جاتی ہیں تو پھر ترقی کا راستہ کھل جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ریکوڈک منصوبہ بلوچستان سرمایہ کاری کا گیٹ وے ثابت ہوگا، منصوبے کے حوالے سے حکومت بلوچستان درست سمت میں جارہی ہے، ریکوڈک پاکستان اور بلوچستان کا قیمتی اثاثہ ہے اور یہ حکومت بلوچستان کی ذمہ داری ہے کہ اس کا مکمل فائدہ بلوچستان کے عوام کو پہنچایا جائے۔ سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا کہ ریکوڈک کا تاریخی معاہدہ ایک اہم پیشرفت ہے اور یہ صوبے میں سرمایہ کاری کے لئے گیٹ وے ثابت ہوگا، انہوں نے کہا کہ معاہدے سے روزگار کے نئے مواقع پیدا ہوں گے اور حکومت بلوچستان کی بھی کوشش ہے کہ سب سے پہلے مقامی باصلاحیت افراد کو روزگار فراہم کیا جائے، انہوں نے کہا کہ بیرک گولڈ کمپنی کے آنے کی وجہ سے دیگر سرمایہ کار کمپنیوں کا بھی صوبے میں سرمایہ کاری کی جانب رجحان بڑھے گا۔

## میڈیا ورکرز کیساتھ رہزنی اور چوری کے واقعات کا نوٹس لیا جائے، بی یو جے

**کیمرہ مین یاسین خان سے جیل روڈ پر موبائل فون چھیننا اور تشدد باعث تشویش ہے، عرفان سعید**

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان یونین آف جرنلسٹس نے نجی ٹی وی کے کیمرہ مین اور بی یو جے کے رکن یاسین خان کو موبائل فون چھیننے کی کوشش میں رہزنوں کی جانب سے زدوکوب کرکے زخمی کرنے کے واقعے پر شدید تشویش کا اظہار کیا ہے اور پولیس کے اعلیٰ حکام سے میڈیا ورکرز کیساتھ پیش آنے والے چوری اور رہزنی کے مسلسل واقعات کا نوٹس لیکر کارروائی کا مطالبہ کیا ہے، بی یو جے کے صدر عرفان سعید، جنرل سیکرٹری منظور احمد اور کابینہ کے دیگر ارکان نے کہا ہے کہ یاسین خان کو پنجے کی شام کو ڈیوٹی پر جاتے ہوئے جیل روڈ پر مبینہ طور پر مسلح نقاب پوش رہزنوں نے روکا اور موبائل فون چھیننے کیلئے اس پر تشدد کیا جس سے وہ زخمی ہوگیا۔ خوش قسمتی سے رہزنوں کا اسلحہ چلا نہیں ورنہ نقصان ہوسکتا تھا۔ بیان میں واقعے کی مذمت کرتے ہوئے مطالبہ کیا گیا کہ متعلقہ پولیس تھانہ فوری کارروائی کرکے ملزمان کو گرفتار کرے۔ انہوں نے کہا کہ رواں ماہ میڈیا ورکرز کیساتھ اس نوعیت کا یہ تیسرا واقعہ ہے۔ اس سے قبل رپورٹر عصمت سالانی کی موٹر سائیکل نظیر محمد روڈ سے چوری کی گئی اور میڈیا ورکر یاسر سے جناح روڈ پر موٹر سائیکل اور 5 ہزار روپے چھیننے کا واقعہ پیش آیا ہے۔



## ڈی پی ٹی ڈگری کالج کے طلبہ پر پولیس تشدد اور طلباء کی گرفتاری قابل مذمت ہے، بی ایس اے سی

کوئٹہ (پ ر) بلوچ اسٹوڈنٹس ایکشن کمیٹی کے ترجمان نے کوئٹہ پولیس کی جانب سے کئی مہینوں سے بیٹھے ڈی پی ٹی کے طالبعلموں اور بالخصوص خواتین طلبہ پر تشدد اوران کی گرفتاری کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان میں ہر مسئلے کو بندوق کی نوک پر حل کرنے کی کوشش کی جاتی ہے، حکومت بجائے طلباء کے بنیادی مسائل حل کرنے کے طلباء پر طاقت استعمال کر رہی ہے جو مسائل کے حل کے حوالے سے صوبائی حکومت کی سنجیدگی کو ظاہر کرتی ہے۔ گزشتہ دنوں پولیس کی جانب سے طلبہ پر تشدد اوران کی گرفتاری کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے۔ ترجمان نے کہا کہ فزیوتھراپی کے طالب علم اپنے جائز مطالبات کے حق میں گزشتہ چار مہینوں سے کوئٹہ پریس کلب کے سامنے احتجاج کر رہے تھے لیکن صوبائی حکومت کی غیر سنجیدگی اور مسئلے کی عدم توجہی کو دیکھ کر انہوں نے اپنے احتجاج کو کوئٹہ پریس کلب سے ریڈزون منتقل کیا تھا جہاں انہیں مختلف دھونس دھمکیوں سے دھمکانے کی کوشش کی گئی اور بالآخر وزیراعلیٰ بلوچستان کی جانب سے ان کے نمائندوں سے ملاقات کی گئی جہاں ان کے مطالبات پر عمل درآمد کا وعدہ کیا گیا لیکن مطالبات پر عمل درآمد کرنے کے بدلے صوبائی حکومت کی جانب سے پولیس کے اہلکاروں کو بھیج دیا گیا اور طلبہ پر تشدد وان کی غیر قانونی گرفتاری عمل میں لائی گئی جس سے یہ عیاں ہوتی ہے کہ بلوچستان میں طلباء اپنے بنیادی حقوق کیلئے سیاسی اور پرامن جدوجہد بھی نہیں کر سکتے ہیں۔ پولیس اور صوبائی حکومت کا طلبہ کے ساتھ غیر انسانی سلوک کسی بھی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا۔ ترجمان نے اپنے بیان کے آخر میں طلباء کی فوری طور پر رہائی کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ پولیس کے زیر حراست تمام طلباء کی رہائی فوری طور پر عمل میں لائی جائے اور اس کارروائی میں ملوث پولیس اہلکاروں کے خلاف کارروائی کی جائے۔ اگر صوبائی حکومت اور پولیس کی جانب سے طالب علموں کی رہائی عمل میں نہیں لائی گئی اور طلباء کے خلاف پولیس تشدد کو جاری رکھا گیا تو اس کے خلاف بلوچستان بھر میں شدید احتجاجی عمل کا آغاز کیا جائے گا۔

(بقیہ نمبر 28 صفحہ نمبر 7 پر)

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 4

Dated: 17 OCT 2022 Page No. 11


# دھرنے میں شریک 25 فزیوتھراپسٹ گرفتار

## عدالت نے 1 روزہ ریمانڈ پر جیل بھیج دیا

### فزیوتھراپسٹ ایسوسی ایشن کا گرفتاریوں کیخلاف احتجاجی مظاہرہ، اپنے حق کیلئے کسی قربانی سے دریغ نہیں کرینگے، رہنماؤں کا خطاب، ینگ ڈاکٹرز اور پیرامیڈیکس کی مذمت

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) پولیس کا فزیوتھراپسٹ ایسوسی ایشن کے دھرنے پر رات گئے دھاوا 25 فزیوتھراپسٹ کو گرفتار کرلیا عدالت نے ایک روزہ ریمانڈ پر جیل بھیج دیا۔ ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن اور آل پاکستان پیرامیڈیکل اسٹاف فیڈریشن بلوچستان نے پرامن دھرنے کے شرکا کی گرفتاریوں کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ ہیلتھ پروفیشنلز کے ساتھ حکومت کا غیر ذمہ دارانہ رویہ قابل افسوس ہے تفصیلات کے مطابق ریڈ زون میں گزشتہ پانچ روز سے فزیوتھراپسٹ ایسوسی ایشن کے عہدیدار و کارکن اپنے مطالبات کے حق میں جاری دھرنا دیئے ہوئے تھے گزشتہ دنوں وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے فزیوتھراپسٹ ایسوسی ایشن کے نمائندوں سے ملاقات کی تھی اور ان کے جائز مطالبات کے حل کی یقین دہانی کرائی تھی تاہم فزیوتھراپسٹ نے اپنا دھرنا جاری رکھا جس کے باعث شہر میں ٹریفک کا نظام درہم برہم تھا عوام کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا تھا ہفتہ اور اتوار کی درمیانی شب پولیس نے دھرنے پر دھاوا بول کر 25 فزیوتھراپسٹ کو گرفتار کرکے دھرنا ختم کرایا جبکہ اتوار کی صبح گرفتار فزیوتھراپسٹ کو عدالت میں پیش کیا عدالت نے ایک روزہ ریمانڈ پر جیل بھیج دیا فزیوتھراپسٹ ایسوسی ایشن نے گزشتہ روز کوئٹہ پریس کلب کے سامنے گرفتار ساتھیوں کی رہائی اور اپنے مطالبات کے حق میں احتجاج کیا شرکا کا کہنا تھا کہ اس وقت 15 سو فزیوتھراپسٹس جو مختلف یونیورسٹی اور کالجز سے ڈگریاں لے چکے ہیں لیکن حکومت کی جانب سے انہیں سرکاری ہسپتالوں میں کوئی ملازمت فراہم نہیں کی جارہی جس کے باعث انہوں نے چار ماہ سے زیادہ عرصے سے کوئٹہ پریس کلب کے سامنے علامتی بھوک ہڑتالی کیمپ لگایا مگر حکومت کے کانوں پر جوں تک نہ رینگی ہمارے پرامن دھرنے پر جس طرح حملہ کیا گیا اس کی مثال نہیں ملتی ہم اپنے حق کیلئے کسی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے۔ دوسری جانب ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن کے وائس چیئرمین ڈاکٹر بہار شاہ اور آل پاکستان پیرامیڈیکل اسٹاف فیڈریشن بلوچستان کے صدر صوبائی سنڈیمن ہسپتال کوئٹہ جمال شاہ کاکڑ نے پرامن دھرنے کے شرکا کی گرفتاریوں کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ ہیلتھ پروفیشنلز کے ساتھ حکومت کا غیر ذمہ دارانہ رویہ قابل افسوسناک ہے انہوں نے کہا کہ پولیس کا ہیلتھ پروفیشنلز پر تشدد کرنا اور رات کو نہتے اور پرامن فزیوتھراپسٹ کو گرفتار کرنا پولیس گردی کی بدترین مثال ہے جس کی مذمت کرتے ہیں۔

## تاجر سے دو لاکھ کا چیک، مسافروں سے ہزاروں روپے لوٹ لیے گئے

### موٹر سائیکل بھی چھین لی گئی، لوٹ مار کیخلاف مسافروں کا احتجاج، ڈاکوؤں کی گرفتاری کا مطالبہ

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) مسلح افراد تاجر سمیت درجنوں مسافروں سے ہزاروں روپے نقد و دیگر قیمتی سامان لوٹ کر فرار ہوگئے۔ واقعے کے خلاف مسافروں نے احتجاج کیا، جھل مگسی میں مسلح افراد تاجر سے دو لاکھ روپے کا چیک اور موٹر سائیکل جبکہ ڈھاڈر میں مسافروں سے ہزاروں لوٹ لیے گئے، پولیس کے مطابق ڈیرہ مراد جمالی کے قریب پولیس تھانہ چھتر کی حدود میں رحیم گلی کے مقام پر تاجر سہو وندیکار سے مسلح افراد نے دو لاکھ کا چیک موٹر سائیکل اور قیمتی سامان لوٹ کر فرار ہوگئے۔ جبکہ ڈھاڈر کے علاقے تھنگر کے مقام پر گنداواہ سے کوئٹہ جانے والی مسافر ویگن کے راستے میں رکاوٹیں کھڑی کرکے مسافروں سے ہزاروں روپے نقدی اور قیمتی سامان لوٹ لیا گیا۔ واقعے کے خلاف مسافروں نے احتجاج کرتے ہوئے کہا کہ انتظامیہ مسافروں کو تحفظ فراہم کرنے میں مکمل طور پر ناکام ہوچکی ہے۔ ڈاکوؤں کو گرفتار کرکے مسروقہ سامان برآمد کیا جائے انتظامیہ کی یقین دہانی پر احتجاج ختم کیا گیا۔

## بلیدہ میں نامعلوم افراد نے نجی اسکول کو نذر آتش کردیا

تربت (نامہ نگار) نامعلوم افراد نے تحصیل بلیدہ کے گاؤں الندور میں نجی اسکول کو نذر آتش کردیا جس سے اسکول کا تمام ریکارڈ ضائع ہوگیا۔

## ژوب: لاپتہ نوجوان کی لاش برآمد

ژوب (نامہ نگار) لاپتہ نوجوان کی لاش مل گئی پولیس کے مطابق 22 ستمبر کو لاپتہ ہونیوالے نوجوان عبدالرزاق ولد خدائیداد کاکڑ کی لاش گلی شیخان کے پہاڑی علاقے سے ملی ہے پولیس کے مطابق نوجوان کی دماغی توازن درست نہ تھا پولیس نے لاش ڈی ایچ کیو ہسپتال پہنچانے اور شناخت کے بعد ورثاء کے حوالے کردی۔

## سکول سے خاتون کیشئر کی لاش برآمد

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) سیٹلائٹ ٹاؤن میں گورنمنٹ اپوا گرلز اسکول سے خاتون کیشئر کی دو روز پرانی برآمد ہوئی۔ ہلاکت دل کا دورہ پڑنے سے ہوئی پولیس کے مطابق سیٹلائٹ ٹاؤن میں واقع گورنمنٹ اپوا گرلز اسکول کے چوکیدار نے اتوار کی صبح اطلاع دی تھی کہ اسکول کی خاتون کیشئر رقیہ بی بی کی لاش کمرے میں پڑی ہوئی ہے جس پر پولیس نے موقع پر پہنچ کر لاش کو ہسپتال پہنچایا جہاں ڈاکٹر کے مطابق لاش دو روز پرانی ہے موت دل کا دورہ پڑنے کے باعث ہوئی۔ ہسپتال میں ضروری کارروائی کے بعد لاش مردہ خانے میں رکھ دی گئی۔ پولیس نے بتایا کہ خاتون کیشئر اسکول کے ہی ایک کمرے میں اکیلی رہائش پذیر تھی۔ مرحومہ کا تعلق پنجاب سے ہے۔ لواحقین کے آنے پر لاش حوالے کی جائے گی۔

## کیچ میں نامعلوم مسلح افراد کا تیل کے ٹینکر پر حملہ، ڈرائیور زخمی

تربت (صباح نیوز) ضلع کیچ کی تحصیل بلیدہ کے گاؤں الندور میں رات گئے 3 بجے نامعلوم افراد نے ایک پرائیویٹ انگلش گرامر سکول کو نذر آتش کر دیا تفصیلات کے مطابق نامعلوم افراد نے گلستان انگلش گرامر سکول کو آگ لگادی جس سے سکول کو نقصان پہنچا اور سکول کا ریکارڈ بھی ضائع ہوگیا۔ ضلع کیچ میں پرائیویٹ تعلیمی اداروں کے خلاف ایسے واقعات پہلے بھی رونما ہوئے ہیں۔ دریں اثناء بلوچستان کے ضلع کیچ میں نامعلوم مسلح افراد نے تیل لے جانے والی گاڑی کو مسلح افراد نے حملہ کرکے نشانہ بنایا۔ گاڑی پر تربت کے علاقے ڈنک میں مرکزی شاہراہ پر حملہ ہوا ہے اطلاعات کے مطابق حملے میں ٹینکر کو نقصان پہنچا ہے جبکہ ڈرائیور بھی زخمی ہوا ہے۔ مقامی ذرائع کے مطابق مذکورہ ٹینکر پاکستانی نیوی کیلئے تیل پہنچا رہا تھا تاہم حکام نے اس حوالے سے تاحال کوئی تفصیلات فراہم نہیں کی ہے۔ حملے کی ذمہ داری تاحال کسی نے قبول نہیں کی ہے۔

## قلات: زیر مرمت موبائل ٹاور کو دھماکہ خیز مواد سے اڑادیا گیا

قلات (نامہ نگار) قلات کے علاقے شیخڑی میں نامعلوم افراد نے زیر مرمت موبائل فون کے ٹاور کو دھماکہ خیز مواد سے اڑادیا لیویز کے مطابق مذکورہ ٹاور کو چند ماہ قبل بھی دھماکہ خیز مواد سے نشانہ بنایا گیا تھا۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 4

Dated: 17 OCT 2022 Page No. 13


# کوئٹہ: کسٹمز کا گوداموں پر چھاپہ، کروڑوں روپے کا ممنوعہ سامان برآمد

کوئٹہ اور دالبندین میں تین مقامات پر کسٹم اہلکاروں نے چھاپے مارے جہاں مجموعی طور پر 24 کروڑ 80 لاکھ کا سامان برآمد کیا گیا

**برآمد شدہ سامان میں انڈین گٹکا، غیر ملکی سگریٹ، خشک دودھ، چائنیز نمک، پان پراگ اور دیگر اشیاء شامل ہیں**

کوئٹہ (انتخاب نیوز) محکمہ کسٹمز نے مختلف کارروائیوں میں 24 کروڑ 80 لاکھ روپے مالیت کے اسمگل اشیا برآمد کی ہیں۔ پاکستان کسٹمز انفورسمنٹ کلکٹریٹ کوئٹہ میں سمیع الحق نے کلکٹر کا چارج سنبھالتے ہی نئی خفیہ حکمت عملی کے تحت انسداد اسمگلنگ مہم کی تابڑتوڑ کارروائیاں شروع کردی ہیں جس کے تحت انفورسمنٹ سیل کے موبائل اسکواڈز اور کسٹم چیک پوسٹوں پر تعینات عملے کو متحرک کردیا ہے۔ بقیہ نمبر 36 صفحہ 7 پر

اسسٹنٹ کلکٹر انفورسمنٹ کوئٹہ شفیع اللہ نے بتایا کہ اس نئی حکمت عملی کے تحت مختلف کارروائیوں میں 24 کروڑ 80 لاکھ روپے مالیت کے اسمگل اشیا برآمد کی گئی ہیں، سیٹلائٹ ٹاؤن کوئٹہ کے گودام پر کسٹمز حکام نے چھاپہ مارکر 3 کروڑ روپے کا اسمگل انڈین گٹکا برآمد کیا۔ زیارت کراسنگ میں ایک دوسری کارروائی میں 7 کروڑ روپے اسمگل اشیا برآمد کی گئیں

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 5 Dated: 17 OCT 2022 Page No. 14


## پولیس اور لینڈ مافیا کی ملی بھگت سے زمینوں پر قبضہ کیا جارہا ہے، تاج بازئی

**جدی پشتی زمینوں کے تمام دستاویزات اور شواہد موجود ہیں، حاجی ناصر بازئی**

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) بازئی قبائل کے معتبرین اور رہنماؤں ملک تاج محمد بازئی ایڈووکیٹ، حاجی ناصر بازئی، ملک زمرک خان بازئی، ملک اسلم بازئی ایڈووکیٹ تیمور بازئی سمیت دیگر نے عدالت عالیہ سے اپیل کی ہے کہ ہماری زمینوں پر ناجائز قبضے پر سوموٹو نوٹس لیتے ہوئے ہمیں انصاف فراہم کیا جائے اس وقت سیکرٹریٹ یونین، پولیس اور لینڈ مافیا کی ملی بھگت سے ہماری زمینوں پر قبضہ کر رہے ہیں جس کی ہم صورت اجازت نہیں دیں گے اگر ہمیں انصاف نہ ملا تو احتجاج کا راستہ اپنانے پر مجبور ہوں گے جس سے حالات کی تمام تر ذمہ داری متعلقہ حکام پر عائد ہوگی ان خیالات کا اظہار انہوں نے اتوار کو کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کے دوران کیا انہوں نے کہا کہ پولیس اور لینڈ مافیا کے گٹھ جوڑ کی وجہ سے آئے روز مختلف طریقوں اور بزور طاقت ہماری زمینوں پر قبضہ کرنے کی کوششیں کی جارہی ہے اور اب پولیس اور لینڈ مافیا ملکر سیکرٹریٹ یونین کیلئے کالونی کے نام پر زمین پر قبضہ کر رہی ہے اور مختلف طریقوں سے ہمیں دھمکیاں دے کر ڈرایا جارہا ہے جو کہ قابل مذمت عمل ہے ہم کوئٹہ کے پرامن شہری ہیں اور اب یہ لوگ کوئٹہ کے پرامن ماحول کو سبوتاژ کرنے پر تلے ہوئے ہیں ہمیں کوئٹہ کا امن عزیز ہے ان کے ظالمانہ اور جابرانہ اقدامات سے کوئٹہ کے امن کو خراب کیا جارہا ہے اور کوئٹہ کی حالت دن بدن بگڑتی جارہی ہے اس سلسلے میں عدلیہ نے پہلے بھی ہمارے حق میں فیصلہ دیا ہے اور اب بھی ہمیں عدالت پر مکمل اعتماد ہے ان کے خلاف نوٹس لیکر ہمیں انصاف فراہم کریں گے ہمیں بندوق اور طاقت کے زور پر ڈرایا نہیں جاسکتا ہم اپنے حقوق اور اپنی زمینوں کے دفاع اور تحفظ کیلئے کسی قربانی سے دریغ نہیں کرینگے ہر فورم پر آواز بلند کریں گے اس سلسلے میں ہم بازئی قبائل چیف سیکرٹری بلوچستان، تمام پارٹیوں، تاجر برادری، وکلاء، تنظیموں، سیکرٹریٹ یونین سمیت ہر مکتبہ فکر سے تعلق رکھنے والے افراد سے ملاقاتیں کرکے حقائق سے آگاہ کریں گے بازئی قبائل امن پسند اور سیاسی لوگ ہیں ہماری شرافت کو کمزوری نہ سمجھا جائے اور اس سلسلے میں ہمارا چیف سیکرٹری بلوچستان سے مطالبہ ہے کہ وہ اس کا از سر نو جائزہ لیکر ہمیں انصاف کی فراہمی کے لئے اپنا کلیدی کردار ادا کریں اور ہمارے پاس جدی پشتی زمینوں کے تمام دستاویزات اور شواہد موجود ہیں اگر ہمارے مطالبات پر عملدرآمد نہیں ہوا تو ہر قسم کا احتجاج کا راستہ اپنائیں گے جس سے حالات کی تمام تمام تر ذمہ داری حکومت بیوروکریسی پولیس، لینڈ مافیا اور سیکرٹریٹ یونین پر عائد ہوگی ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ ہم گزشتہ کئی سالوں سے اپنی جدی پشتی زمینوں پر ناحق قبضہ گیری کے خلاف سراپا احتجاج ہیں۔

## لورالائی کی سبزی منڈی میں سہولیات ناپید، خوانچہ فروش پریشان

**منڈی کی شفٹنگ خوش آئند ہے لیکن مسائل حل نہ ہونے سے کاروبار پر منفی اثرات مرتب ہو رہے ہیں**

**دعووں اور وعدوں کے خوانچہ فروش کھلے آسمان تلے سبزی اور پھل فروخت کرنے پر مجبور ہیں، کوئی پرسان حال نہیں**

**کروڑوں روپے کے فنڈز موجود ہونے کے باوجود سہولیات مہیا نہ کرنے سے مختلف سوالات جنم لے رہے ہیں، شہریوں کی مشرق سے گفتگو**

لورالائی (رپورٹ ملک امانت حسین کاکڑی) لورالائی نیو سبزی منڈی 25 سال بعد زمینداروں اور عوامی حلقوں کے بار بار مطالبوں اور سابق چیف جسٹس کے دورہ لورالائی کے موقع پر عوام کی شکایت کے پیش نظر چیف سیکرٹری بلوچستان نے خود وزٹ کر کے منڈی کا جائزہ لیکر منڈی کو شفٹ کرنے کی ہدایت کی تھی صوبائی وزیر حاجی محمد خان، سیکرٹری زراعت، ڈپٹی کمشنر لورالائی اور ایڈمنسٹریٹر نیو سبزی منڈی مارکیٹ کمیٹی کے بڑی محنت اور لگن سے منڈی کو شفٹ کروانے میں اپنا کردار ادا کیا جسے شہریوں نے خوش آئند قرار دیا اور مشرق سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ منڈی شفٹ ہونے سے نہ صرف آڑھتیوں خوانچہ فروشوں کا کاروبار وسعت اختیار کرے گا اور اس منڈی سے ہزاروں بے روزگاروں کو روزگار بھی ملے گا اور لورالائی اور آس پاس کے علاقوں کے زمینداروں کا مال بھی اپنے شہر کی منڈی میں اچھے داموں فروخت ہو گا لورالائی کی منڈی ایک نیشنل لیول کی منڈی ہے کیونکہ یہ بلوچستان اور صوبہ پنجاب کے بارڈر کے قریب ہے منڈی شفٹ تو ہو گئی لیکن منڈی کے مسائل جوں کے توں ہیں تمام بنیادی سہولیات، شلٹرز، روڈ، بجلی، مسجد، بینک جیسی سہولیات سے محروم ہے خوانچہ فروش اب بھی کھلے آسمان تلے سبزی اور فروٹ بیچنے پر مجبور ہیں نیو سبزی منڈی کا کروڑوں روپے کا بجٹ بھی موجود ہے، سیاسی، سماجی زمیندار حلقوں نے چیف سیکرٹری بلوچستان صوبائی وزیر حاجی محمد خان طور اتمانخیل، ڈپٹی کمشنر لورالائی ڈاکٹر عتیق الرحمن شاہوانی، ایڈمنسٹریٹر نیو سبزی منڈی عبدالخالق جوگیزئی سے اپیل کرتے ہوئے کہا کہ نیو سبزی منڈی کے تمام بنیادی مسائل کو فوراً حل کریں تاکہ کاروبار کو وسعت مل سکے



## صحبت پور میں نکاسی آب کا نظام غیر فعال

**سیلابی پانی موذی امراض کا سبب بن گیا**

**سیلاب کو گزرے دو ماہ سے زائد ہو چکے ہیں لیکن نکاسی آب پر کوئی توجہ نہیں دی جارہی ہے**

**انتظامیہ خواب غفلت سے بیدار ہو رہی ہے نہ ہی ذمہ دار محکمہ سیلاب زدگان کو ریلیف فراہم کر رہا ہے**

**مشکلات کا ازالہ نہ اور سیلابی پانی نہ نکالا گیا تو احتجاج کا راستہ اختیار کریں گے، متاثرین کی خبر رساں ادارے سے گفتگو**

فرید آباد (اے این این) صحبت پور میں سیلاب کو آئے 56 روز گزر گئے مگر کئی علاقوں میں 3 سے 4 فٹ سیلاب کا پانی جمع ہے۔ انتظامیہ خواب غفلت سے بیدار نہ ہو سکی جسکے باعث علاقہ مکینوں کی مشکلات میں کمی نہ آسکی، متاثرین نے خبر رساں ادارے کو اپنی مشکلات سے آگاہ کرتے ہوئے کہا کہ ہمارے علاقے میں سیلاب کو گزرے دو ماہ سے زائد ہو چکے ہیں مگر تاحال علاقوں میں سیلاب کا پانی جمع ہے جس سے اہل علاقہ کو شدید مشکلات درپیش ہو رہی ہیں۔ سید محبوب شاہ محلہ۔ بنگلزئی محلہ۔ کترانی محلہ۔ کلی حسین آباد۔ بھنگر محلہ سمیت دیگر کئی علاقے تاحال سیلاب کے پانی میں ڈوبے ہوئے ہیں انتظامیہ کی جانب سے ان علاقوں سے سیلاب کے پانی کو نکالنے کے لیے کوئی بھی اقدامات نہیں کیے گئے جس سے اہل علاقہ کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے ان علاقوں سے درجنوں گھر اور چاردیواریاں گر چکی ہیں اور کئی گھر سیلابی پانی کے باعث کمزور ہو چکے ہیں۔ اہل علاقہ نے حکومت بلوچستان اور ضلعی انتظامیہ سے سیلاب کا پانی نکالنے اور انہیں ریلیف فراہم کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامه
حکومت بلوچستان

Daily INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 17 OCT 2022 Page No. 15


# گنداواہ امدادی سرگرمیوں میں بے قاعدگیاں، متاثرین بدحالی کا شکار

بہت سی غیر سرکاری تنظیمیں با اثر افراد کے ساتھ سازباز کر کے منظر سے غائب نقصانات کا سروے نامکمل، عوامی حلقے

**بارشوں اور سیلاب سے تباہی کے بعد عوام کا کوئی پرسان حال نہیں، امدادی سرگرمیوں میں حقیقی متاثرین کو یکسر نظر انداز کیا گیا**

جھل مگسی (این این آئی) جھل مگسی میں بارشوں اور سیلاب سے تباہی کے بعد عوام کا کوئی پرسان حال نہیں بارشوں اور سیلاب کا سلسلہ تو تھم گیا لیکن عوام معاشی بدحالی سے دوچار ہو گئے، عوامی حلقے۔ علاقہ کا زمینی راستہ بحال ہونا شروع ہوتے ہی سماجی تنظیموں نے ضلع کا رخ

بقیہ نمبر 34 صفحہ 5 پر

کر لیا کئی آرگنائزیشنز نے کام شروع کر لیا متاثرین کا ڈیٹا جمع کرنے کے بعد راشن خیمے اور نقد رقم کی تقسیم سمیت امدادی سرگرمیوں میں حقیقی متاثرین کو یکسر نظر انداز کیا گیا جس کی وجہ سے حقیقی متاثرین دربدر کی ٹھوکریں کھانے پر مجبور ہیں علاقہ کے بااثر افراد کے ساتھ سازباز کر کے بہت سی غیر سرکاری تنظیمیں نے متاثرین میں کچھ امدادی سامان تقسیم کرنے کے بعد منظر سے غائب ہو گئیں گنداواہ جھل مگسی سمیت سب تحصیل میرپور اور تمام یونین کونسلوں کے متاثرین گزشتہ دو ماہ سے اپنی مدد آپ کے تحت بحالی کے کاموں میں مصروف ہیں لیکن معاشی بدحالی کے سبب مزدور اور کاشتکاروں سمیت سفید پوش طبقہ بھی معاشی بدحالی سے دوچار ہیں لیکن ابھی تک ضلع میں نقصانات کے سروے کا کام بھی تشنہ تکمیل ہے عوامی و سماجی حلقوں نے متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ صورتحال کا نوٹس لے کر سیلاب متاثرین کی بحالی کے اقدامات کیے جائیں۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Baakhabar Quetta

Bullet No. 6

Dated: 17 OCT 2022 Page No. 16

# دہشت گردی اور بدامنی کے بڑھتے واقعات
## قومی سلامتی کمیٹی کے اہم فیصلے

وزیراعظم شہباز شریف کی زیر صدارت قومی سلامتی کمیٹی نے واضح کیا ہے کہ پاکستانی شہریوں کا خون بہانے والے افراد سے قانون پوری سختی کے ساتھ نمٹے گا شہداء کی قربانیاں رائیگاں نہیں جانے دیں گے۔ انسداد دہشت گردی نظام کو جدید ٹیکنالوجی سے لیس کرنے کے لئے مطلوبہ وسائل کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے گا۔ دہشت گردی پر قابو پانے کے لئے صوبائی سطح کے نظام کو بھی از سر نو متحرک کرنے کا فیصلہ کیا گیا جبکہ سی پیک منصوبوں کی سیکورٹی کو فول پروف بنانے کے لئے موثر اقدامات کی منظوری بھی دی گئی اجلاس میں مسلح افواج کے سربراہان متعلقہ وفاقی وزراء اور اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔ شرکاء اجلاس نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ شہریوں کے جان و مال ملکی سلامتی کے تحفظ آئین و قانون کی حکمرانی اور ریاستی عملداری کے لئے قوم اور ریاستی ادارے یکجا اور یک آواز ہیں۔ مرکزی سطح پر وزیراعظم کی سربراہی میں اپیکس کمیٹی کے قیام کی منظوری بھی دی گئی اجلاس نے سوات سمیت ملک کے کچھ علاقوں میں بدامنی اور دہشت گردی کے واقعات کا تفصیل سے جائزہ لیا اور اس حوالے سے اہم فیصلے کیے گئے۔ قومی سلامتی کمیٹی کا اجلاس ایک ایسے موقع پر ہوا ہے جب خیبرپختونخواہ اور بلوچستان میں دہشت گردی اور بدامنی کے واقعات تواتر سے ہو رہے ہیں سوات میں غیر معمولی بات یہ ہوئی ہے کہ پوری وادی گزشتہ کئی روز سے سراپا احتجاج اور دہشت گردوں کے خلاف فیصلہ کن کارروائی کا مطالبہ کر رہی ہے۔ سوات کی تاریخ میں اتنے بڑے پیمانے پر سول سوسائٹی کا احتجاج کبھی دیکھنے میں نہیں آیا جس دن کمیٹی کا اجلاس ہوا اسی شب خاران میں بلوچستان ہائی کورٹ اور وفاقی شرعی عدالت کے سابق چیف جسٹس محمد نور مسکانزئی کو مسجد میں فائرنگ کر کے شہید کر دیا گیا۔ گزشتہ چند ماہ سے ہرنائی اور زیارت کے علاقوں میں دہشت گردی کے بڑے واقعات ہوئے جن میں فورسز کے افسر و جوان شہید ہوئے۔ سیاسی جماعتیں اور سول سوسائٹی مسلسل یہ مطالبہ کر رہے ہیں کہ قومی ایکشن پلان پر موثر انداز میں عملدرآمد کو یقینی بنایا جائے حکومت کے کالعدم تنظیموں سے مذاکرات کی خبروں پر بھی پارلیمان میں ناپسندیدگی کا اظہار کیا گیا۔ یہ بھی بتایا گیا کہ طالبان دوبارہ سوات کے بعض علاقوں میں دیکھے جا رہے ہیں جن کی وجہ سے مقامی آبادی نے ردعمل کا اظہار کیا۔ ایسا محسوس ہوتا ہے کہ خیبرپختونخواہ اور بلوچستان خاص طور پر ملک دشمن قوتوں کا ہدف ہیں۔ قومی سلامتی کمیٹی نے جو فیصلے کئے وہ اپنی جگہ اہمیت کے حامل ہیں لیکن بنیادی ضرورت اس بات کی ہے کہ ان فیصلوں پر بھرپور انداز میں عملدرآمد بھی کیا جائے۔ وفاق اور صوبوں کی سطح پر انسداد دہشت گردی نظام کو جدید ٹیکنالوجی سے آراستہ کیا جانا بہت ضروری ہے۔ محدود وسائل میں یہ کام اگرچہ بہت مشکل ہے لیکن اسے لازماً کرنا ہوگا نیکٹا کو فعال بنانے کی ضرورت طویل عرصے سے محسوس کی جا رہی تھی ادارہ وفاق اور صوبوں کے درمیان رابطوں میں اہم کردار ادا کر سکتا ہے۔ وزیراعظم اور شرکاء اجلاس نے دہشت گردوں کو دوبارہ سر اٹھانے کی اجازت نہ دینے اور ان سے سختی کے ساتھ نمٹنے کا جو عزم ظاہر کیا ہے اس سے پورے ملک کے لوگوں خصوصاً بلوچستان اور خیبرپختونخواہ کے عوام میں اعتماد پیدا ہوگا سابق چیف جسٹس نور مسکانزئی پر دہشت گردانہ حملے کے ذمہ داروں کے خلاف فوری کارروائی اور انہیں بے نقاب ہونا چاہئے۔ خیبرپختونخواہ کے سرحدی علاقوں میں سرحد پار سے فائرنگ کے واقعات تسلسل سے جاری ہیں جن میں مسلح افواج کو ہدف بنایا جا رہا ہے اسے روکنے کے لئے افغان حکومت سے سفارتی سطح پر رابطے کر کے موثر حکمت عملی وضع کرنے کی ضرورت ہے۔ شہریوں کا خون بہانے اور دہشت گردی میں ملوث عناصر نہ صرف معاشرے میں بدامنی انتشار اور خوف کی فضاء قائم کرنا چاہتے ہیں جبکہ یہ پوری قوم کے بھی مجرم ہیں جو کسی رعایت اور ہمدردی کے مستحق نہیں۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: 92 نیوز کوئٹہ

Bullet No. 6

Dated: 17 OCT 2022 Page No. 7

## سیلاب کے بعد وبائی امراض کے ڈیرے

سندھ کے سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں وبائی امراض نے ڈیرے ڈال لیے ہیں، قمبر میں ملیریا، گیسٹرو اور غذائیت کی کمی کے باعث 2 بچوں سمیت تین افراد جاں بحق ہو گئے ہیں۔ سیلاب کے بعد متاثرین کی بحالی اصل مسئلہ ہے۔ جس کی جانب وفاق اور صوبے توجہ نہیں دے رہے۔ یہی وجہ ہے کہ متاثرہ علاقوں میں وبائی امراض پھوٹنا شروع ہو گئے ہیں۔ سیلاب کی حالت انتہائی ابتر ہے جہاں پر مناسب سہولیات نہ ملنے پر 48 گھنٹوں میں 2 بچوں سمیت 3 افراد لقمہ اجل بن گئے ہیں۔ سندھ کے ضلع قمر شہداد کوٹ میں دو واڑھائی کی ماہ کے عرصے میں مختلف بیماریوں سے 80 سے زائد افراد جاں بحق ہو چکے ہیں۔ بلوچستان کا تو اللہ ہی حافظ ہے۔ وہاں پر پہلے ہی طبی سہولیات کا فقدان تھا۔ خیبر پی کے اور جنوبی پنجاب کے متاثرہ علاقوں میں بھی متاثرین کی بحالی کا کام جوں کا توں ہے۔ گو چند روز قبل سپریم کورٹ نے سندھ حکومت سے سیلاب متاثرین پر خرچ ہونے والی رقم کا حساب طلب کیا ہے تا کہ اندازہ لگایا جاسکے کہ متاثرین سیلاب پر کتنا پیسہ خرچ ہوا ہے۔ اسی طرح سپریم کورٹ وفاق سمیت چاروں صوبائی حکومتوں سے رپورٹ طلب کرے تو امید ہے متاثرین کی بحالی جلد ممکن ہو سکے گی۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 17 OCT 2022 Page No. 18


## بلوچ قوم پرستوں کے درمیان الائنس!

بلوچستان میں نئی سیاسی صف بندیاں شروع ہونے جارہی ہیں۔ اطلاعات کے مطابق بی این پی اور نیشنل پارٹی کے درمیان بات چیت چل رہی ہے اور ان دو اہم جماعتوں کے درمیان آئندہ عام الیکشن میں الائنس تشکیل دی جائے گی جس کے شرائط اور نکات طے ہونا ابھی باقی ہیں جس کے لیے مرحلہ وار وفود کے درمیان مذاکرات اور بات چیت کا سلسلہ چل رہا ہے، نیشنل پارٹی کے اہم ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ بی این پی کے ساتھ اتحاد ہونے جارہا ہے مگر فی الحال حتمی طور پر کچھ نہیں کہا جاسکتا، کوشش ہے کہ یہ اتحاد تشکیل دی جائے اور سیٹ ایڈجسٹمنٹ جو انتہائی اہم ہے اس پر ہمارے درمیان خوش اسلوبی کے ساتھ معاملات طے پاجائیں تو اتحاد کی تشکیل جلد ہوجائے گی۔ نیشنل پارٹی نے جماعت کے اندر بھی مشاورت شروع کردی ہے کہ بی این پی کے ساتھ اتحاد ناگزیر ہے بلوچستان میں سیاسی حالات سمیت دیگر معاملات کو بہتر بنانے کے لیے یہ وقت بہت اہم ہے جسے ضائع نہیں کرنا چاہئے جبکہ بی این پی کے بااثر شخص کے مطابق اتحاد دیرپا اور مستقل بنیادوں پر ہونا چاہئے اور کوشش بھی یہی ہے کہ حالات کے مطابق ہم اتحاد تشکیل دیں تاکہ بلوچستان کے دیرینہ مسائل کو حل کیا جاسکے جن پر بلوچ قوم پرست جماعتیں ہی کلیدی کردار ادا کرسکتی ہیں۔ بہرحال 2013ء کے عام انتخابات کے دوران بھی بی این پی اور نیشنل پارٹی کے درمیان اتحاد کے حوالے سے بات چیت شروع ہوئی اور معاملات آگے بڑھنے لگے مگر اس میں ڈیڈلاک آگیا، دونوں جماعتوں نے پیشرفت نہ ہونے کا ملبہ ایک دوسرے پر یہ کہہ کر ڈال دیا کہ عدم دلچسپی اور غیر سنجیدگی کا مظاہرہ کیا گیا۔ اسی طرح 2018ء کے عام انتخابات کے دوران بھی ہوا۔ بلوچستان کے حالات کا جائزہ لیں تو اس وقت بہت بڑا سیاسی خلاء موجود ہے اور خاص کر بلوچ بیلٹ بہت سارے مسائل سے دوچار ہیں جن میں بڑے ایشوز شامل ہیں ساحل، وسائل سے لیکر مسنگ پرسنز کا معاملہ سرفہرست ہے دونوں جماعتوں کا ایجنڈا ابھی ایک ہی ہے، منشور میں بھی کوئی خاص فرق نہیں ہے اگر نیشنل پارٹی اور بی این پی کے درمیان معاملات طے پاجائیں اور یہ اتحاد خوش اسلوبی سے ہوجائے تو دونوں جماعتوں کی پذیرائی بڑھے گی اور بلوچ حلقے بھی اس اتحاد کے ساتھ جڑ جائینگے۔ اس وقت ووٹ منتشر ہیں بی این پی اور نیشنل پارٹی کے اپنے ووٹ بھی دوسری جماعتوں کی جانب جارہے ہیں تو یہ عمل بھی رک جائے گا۔ دونوں جماعتوں کے قائدین اس اتحاد کے حوالے سے اب کس حد تک سنجیدگی کا مظاہرہ کرینگے یہ آنے والے دنوں میں واضح ہوجائے گا۔ دوسری جانب بی این پی عوامی کے سربراہ نوابزادہ میر اسرار اللہ خان زہری بھی بلوچ اتحاد کی تشکیل کے حوالے سے سرگرم دکھائی دے رہے ہیں یہ بھی ایک اچھی بات ہے کہ بلوچ سیاسی قائدین سیاسی حالات کو بھانپتے ہوئے ایک بلوچ اتحاد کی تشکیل کے لیے کوششیں کررہے ہیں اگر کسی سطح پر بھی بلوچ اتحاد تشکیل دی جاتی ہے تو اس کا فائدہ بلوچ حلقوں کو ضرور ہوگا کیونکہ ایک بات واضح ہے کہ بلوچ قوم پرستوں پر کرپشن کے الزامات نہیں اور نہ ہی انہوں نے کبھی بلوچستان کے معاملات پر سمجھوتہ کرکے اپنی شخصیت کو داغدار کیا ہے۔ بہرحال یہ خود بلوچ قوم پرستوں کے سیاسی مفاد میں ہے کہ وہ ان نازک حالات میں اتحاد کی طرف جائیں اور بلوچستان میں جو بیڈ گورننس اور دیگر مسائل موجود ہیں انہیں حل کریں تاکہ دیگر بڑے سیاسی معاملات پر بھی پیشرفت ہوسکے۔

## سیلابی تباہی کے بعد کے حالات اور خوراک کا عالمی دن

بلوچستان سمیت ملک بھر اور مجموعی طور پر پوری دنیا میں گزشتہ روز یعنی اتوار سولہ اکتوبر کو خوراک کا عالمی دن منایا گیا۔ یہ دن ہر سال منایا جاتا ہے لیکن امسال وطن عزیز میں عالمی یوم خوراک ایک ایسے وقت میں آیا ہے کہ جب ملک میں رواں سال کی طوفانی بارشوں اور سیلاب کے بعد زرعی شعبے کو پہنچنے والے غیر معمولی نقصانات کے باعث ہنگامی اور بحرانی کیفیت ہےخوراک کے عالمی دن کے موقع پر جاری پیغام میں وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ بہتر پیداوار، بہتر غذائیت، بہتر ماحول اور بہتر زندگی میں ہم نے کسی کو پیچھے نہیں چھوڑنا۔ ہم ایک ایسے نازک لمحے پر خوراک کا عالمی دن منا رہے ہیں جب پاکستان موسمیاتی تبدیلیوں کے نتیجے میں تباہ کن سیلابوں سے ہونے والی تباہ کاریوں سے بحالی کی راہ پر گامزن ہے۔ یہ دن عالمی سطح پر بھوک، غذائیت کی کمی اور سب کے لیے خوراک اور غذائی تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے اجتماعی اقدامات کی ضرورت کے بارے میں بیداری پیدا کرنے کے لیے منایا جاتا ہے۔ اس سال کا موضوع ''کسی کو پیچھے نہ چھوڑیں'' ہے جو ہمیں غربت اور بھوک کے خاتمے کے لیے اجتماعی جدوجہد کرنے کی یاد دلاتا ہے اور اس بات کا ادراک کریں کہ ہم جو خوراک منتخب کرتے ہیں اور جس طرح سے ہم اسے کھاتے ہیں وہ ہماری زمین اور ہماری صحت پر اثر انداز تو نہیں ہو رہی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان زراعت کے لیے قدرتی وسائل سے مالا مال ملک ہے، ہمیں اپنی قدیم وادی سندھ کی تہذیب پر فخر ہے جس کی بنیاد زراعت پر تھی، تاہم بہت سے عوامل جن میں موسمیاتی تبدیلی، قدرتی وسائل میں کمی، ان پٹ کی قیمتوں میں اضافہ، فارم مشینری کی کمی اور منڈیوں میں اتار چڑھاؤ شامل ہیں، کی وجہ سے پاکستان میں زرعی پیداوار کے شعبہ کو کافی مشکلات درپیش ہیں۔ بدقسمتی سے پاکستان میں شدید موسمی حالات کی وجہ سے فصلوں کا نقصان ایک معمول بنتا جا رہا ہے، اس لئے موسمیاتی تبدیلیوں کو کم کرنا، فصلوں کے نقصانات کو کم کرنا، پیداوار کو بہتر بنانا اور ذرائع معاش کو بڑھانا ہمارے بڑے چیلنجز ہیں۔ اس سال کے مون سون کے دوران تباہ کن سیلاب نے پاکستان میں تباہی مچائی ہے، جس سے 33 ملین سے زیادہ افراد متاثر ہوئے ہیں، جس کے نتیجے میں مویشیوں، کھڑی فصلوں اور ضروری انفراسٹرکچر کو نقصان پہنچا ہے۔ سیلابی پانی کھڑا ہونے کی وجہ سے اس موسم خزاں میں گندم کی بوائی کے سیزن میں تاخیر کا بھی خطرہ ہے، جس سے اگلے سال تک خوراک کی کمی اور قیمتوں میں اضافے کا امکان بڑھتا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ ایک ایسے ملک کے لئے

اس صورتحال نے پاکستان میں غذائی تحفظ کے ہمارے چیلنجوں میں اضافہ کر دیا ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے گزشتہ روز سیلابی صورتحال اور خوراک کے عالمی دن کی مناسبت سے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹویٹر پر ایک ٹویٹ بھی کیا ہے جس میں انہوں نے کہا ہے کہ حالیہ تباہ کن سیلاب نے پاکستان میں لاکھوں ایکڑ رقبے پر تیار فصلوں کو تباہ کر دیا ہے، پاکستان جیسے زرعی ملک کو بھی اشیاء خورد و نوش درآمد کرنا پڑیں گی، موسمیاتی تبدیلی ہماری زندگیوں پر منفی اثرات مرتب کر رہی ہے جس میں عالمی سطح پر غربت اور بھوک میں اضافہ سرفہرست ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے حالات و واقعات کی درست نشاندہی کی ہے اور یہ عین حقیقت ہے کہ تباہ کن بارشوں اور سیلاب نے نہ صرف پاکستان میں مجموعی انفراسٹرکچر کو تباہ کیا اور ہر شعبے میں نقصانات ہوئے بلکہ زرعی شعبہ بہت زیادہ متاثر ہوا زرعی شعبے کی تباہی ہمہ گیر ہے یعنی ایک تو اس شعبے سے وابستہ افراد جن کا اور کوئی ذریعہ روزگار نہیں وہ بے روزگار ہوئے جبکہ اس شعبے سے ملک کی خوراک کی جو ضروریات پوری ہوتی تھیں وہ بھی بری طرح متاثر ہوئیں پیداواری صلاحیت انتہائی زیادہ متاثر ہوئی ظاہری بات ہے کہ آنے والے دنوں میں خوراک کی قلت اور بحران کی کیفیت مزید سنگین اور گھمبیر ہو سکتی ہے جبھی تو اس بات کی ضرورت ہر گزرتے دن کے ساتھ بڑھتی چلی جا رہی ہے کہ عالمی برادری اور ڈونر ایجنسیز سیلاب کے مابعد جاری صورتحال میں حکومت پاکستان کی مدد اور معاونت کریں وطن عزیز کے وہ علاقے جو رواں سال کی طوفانی بارشوں اور سیلاب کے باعث تباہی سے دوچار ہوئے تھے حکومت نے سیلاب متاثرین کے ریسکیو، اور امداد و بحالی کے مراحل کے بعد اب تعمیر نو کے مرحلے کا بھی اعلان کر دیا ہے پلاننگ کمیشن نے کہا ہے کہ چوبیس اکتوبر کو متاثرہ اضلاع کی سیلاب کے بعد بحالی کے لئے تعمیر نو اور بحالی کے مرحلے کے لیے حکومتی اقدامات کا باضابطہ اعلان کریں گے۔ یہ اعلان تباہ کن سیلاب کے نتیجے میں ہونے والے نقصانات اور تباہی کے بعد کی ضرورتوں کا تخمینہ لگانے کے بعد سامنے آیا ہے۔ ہم انہی صفحات اور انہی سطور میں پہلے بھی اس بات کی ضرورت اجاگر کرتے آئے ہیں آج بھی ہم یہی سمجھتے ہیں کہ تعمیر نو کے مشکل اور وسائل طلب مرحلے کے لئے حکومت کو بہت زیادہ وسائل درکار ہونے ہیں کیونکہ مسائل بہت زیادہ ہیں لیکن ان مسائل سے نمٹنے کے لئے وسائل انتہائی محدود اور نہ ہونے کے برابر ہیں عالمی برادری کو اس حوالے سے پاکستان کی مدد کرنی چاہئے وگرنہ خود اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل بھی یہ خبرداری دے چکے ہیں کہ آج جہاں پاکستان کھڑا ہے کل وہاں دنیا کا کوئی بھی دوسرا ملک ہو سکتا ہے سو



وزیراعلیٰ عبدالقدوس بزنجو سی ای او بیرک گولڈ کمپنی مارک بریسٹو اور سینیٹر محمد عبدالقادر بات چیت کررہے ہیں



وزیراعلیٰ بزنجو سی ای او بیرک گولڈ کمپنی کے اعزاز میں دیئے گئے ظہرانے میں اظہار خیال کررہے ہیں



وزیراعلیٰ بزنجو کو سی ای او بیرک گولڈ کمپنی منصوبے سے متعلق پریزینٹیشن کی کاپی دے رہے ہیں



کوئٹہ: وزیراعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو سے رکن اسمبلی سردار یار محمد رند مصافحہ کررہے ہیں

## Balochistan Time Quetta



**QUETTA:** Chief Minister Balochistan Abdul Quddus Bizenjo in a meeting with CEO Barrick Gold Company Mark Bristow on Sunday.

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. ______ Dated: 17 OCT 2022 Page No. ______

Century Express ...



سی ای او بیرک گولڈ کمپنی مارک بریسٹو سے چیف سیکرٹری عبدالعزیز عقیلی بات چیت کر رہے ہیں



کوئٹہ، بیرک گولڈ کارپوریشن کے سی ای او مسٹر مارک بریسٹو سے چیف سیکرٹری عبدالعزیز عقیلی بات چیت کر رہے ہیں

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. Dated: 17 OCT 2022 Page No.



اے این پی کے مرکزی رہنما صوبائی وزیر انجینئر زمرک، اصغر اچکزئی، محب اللہ پیر علیزئی، ابراہیم ماما چمن میں عبدالرزاق مشر کے والد ... ابو عمر جان اور گلبدین خان شہید کے اہل خانہ سے فاتحہ خوانی کر رہے ہیں



کوئٹہ: سی ای او بیرک گولڈ کمپنی مارک بریسٹو قائمقام اسپیکر سردار بابر موسیٰ خیل، صوبائی وزراء اور ارکان اسمبلی سے مصافحہ کر رہے ہیں